FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

AW—1616

# B.Sc. Part–I (Semester–I) Examination

## URDU (New)

## (Compulsory)

Time : Two Hours] [Maximum Marks : 40

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجئے :— 8

(۱) سلونو کا تہوار بہادر شاہ ظفر کے دربار میں کیوں منایا جاتا تھا؟

(۲) جنگلات کے فائدے لکھیے۔

(۳) جدید تاریخ نگاری کی بنیاد کیسے پڑی؟

(۴) جنگلات کی کٹائی سے ہونے والے نقصانات لکھیے۔

سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی دو اقتباس کی تشریح کیجئے :— 8

(۱) بہت لطیف ہے اے دوست تیغ کا بوسہ
یہی ہے جانِ جہاں اس میں آب پیدا کر
ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم
وہ بانکپن وہ اچھوتا شباب پیدا کر
ترا شباب امانت ہے ساری دنیا کی
تو خار زارِ جہاں میں گلاب پیدا کر

(۲) پھولوں کا کنج دلکش بھارت میں اک بنائیں
حبِ وطن کے پودے اس میں نئے لگائیں
پھولوں میں جس چمن کے ہو بوئے جاں نثاری
حبِ وطن کی قلمیں ہم اس چمن میں لائیں
خونِ جگر سے سینچیں ہر نخلِ آرزو کو
اشکوں سے بیل بوٹوں کی آبرو بڑھائیں



www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

(۳) سحر و فسوں وہ رنگی ہے بہر فریب دل

حیراں ہو سحر سامری بھی جس کو دیکھ کر

لینے کو نقد عمر کے شیریں ہے مثل قند

جب لے چکے تو ہوتی ہے حنظل سے تلخ تر

جو اس سے دل لگاتے ہیں آخر ہو منفعل

ملتے ہیں اپنے دست تاسف بہ یک دگر

(۴) جو ہو سکے ہمیں پامال کر کے آگے بڑھ

نہ ہو سکے تو ہمارا جواب پیدا کر

بہے زمیں پہ جو مرا لہو تو غم مت کر

اسی زمیں سے مہکتے گلاب پیدا کر

تو انقلاب کی آمد کا انتظار نہ کر

جو ہو سکے تو ابھی انقلاب پیدا کر

سوال نمبر۳۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جوابات لکھیے :۔ 8

(۱) مصنف نے قبرستان کے کیا حالات بیان کیے ہیں؟

(۲) ماں کو معلمہ کیوں کہا جاتا ہے؟

(۳) قبرستان میں لوگ کس طرح کی حرکتیں کرتے ہیں؟ خاکہ بیان کیجئے۔

(۴) عورتوں کی تعلیم کیوں ضروری ہے؟

سوال نمبر۴۔ کسی ایک کا مفصل جواب لکھیے :۔ 8

(۱) رکشہ والا انگریز افسر کی کیا خوبیاں بیان کرنے لگا؟

(۲) فاطمہ اور اکرم آئینہ بیچنا کیوں چاہتے تھے؟

سوال نمبر۵۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے :۔ 8

(۱) انٹرنیٹ کے فوائد

(۲) تعلیم نسواں

(۳) وقت کی اہمیت



www.FirstRanker.com
firstranker.com